# شہریت (نہم) (2012ء)

نوٹ: اس پرچہ کے تین سیکشنز ہیں۔ احتیاط سے پڑھ کر دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔ سیکشن۔الف کے تمام سوالات حل کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔ درست جواب کا انتخاب کرکے جوابی خانہ میں صرف الف، ب، ج یا د جو بھی موزوں ہو لکھیں۔ کاٹے گئے، مٹائے گئے یا دوبارہ لکھے گئے سوالات کے نمبر نہیں ملیں گے۔

وقت: 20 منٹ　　سیکشن۔الف　　کل نمبر: 15

1۔ لفظ "Civis" کے معنی ............ ہیں۔
(الف) شہر (ب) حقوق (ج) فرائض (د) شہری

2۔ سقراط کا تعلق ............ سے تھا۔
(الف) یونان (ب) اٹلی (ج) سپین (د) آسٹریا

3۔ علم شہریت کی ابتدا کہاں سے ہوئی تھی؟
(الف) مصر (ب) یونان (ج) فرانس (د) سپین

4۔ معاشرے کے مجموعی مطالعے کا نام ............ ہے۔
(الف) شہریت (ب) معاشیات (ج) عمرانیات (د) تاریخ

5۔ ذرائع ابلاغ کی ............ اقسام ہیں۔
(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 6

6۔ "انسان ایک معاشرتی حیوان ہے" یہ کس کے الفاظ ہیں؟
(الف) ارسطو (ب) افلاطون (ج) روسو (د) گارنر

7۔ "Natio" کس زبان کا لفظ ہے؟
(الف) ترک (ب) انگریزی (ج) لاطینی (د) یونانی

8۔ ریاست اپنی جغرافیائی حدود کی حفاظت کیلئے کونسا محکمہ قائم کرتی ہے؟
(الف) داخلہ (ب) دفاع (ج) خارجہ امور (د) انصاف

9۔ مقننہ کتنی اقسام کی ہوتی ہے؟
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

10۔ پاکستان میں مقننہ کو ............ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔
(الف) کانگریس (ب) ایوان نمائندگان (ج) ڈوما (د) پارلیمنٹ

11۔ "ایک ایسی حکومت جس میں ہر ایک حصہ ہو" جمہوریت کی یہ تعریف کس نے کی ہے؟
(الف) برائس (ب) جان سیلے (ج) رابرٹسن (د) ہابز

12۔ "Dicto" کے معنی ............ ہیں۔
(الف) حکومت کرنا (ب) مشورہ کرنا (ج) کہو (د) منظم کرنا

13۔ بنیادی انسانی حقوق سے متصادم قانون کو ............ میں چیلنج کیا جاسکتا ہے۔
(الف) پارلیمنٹ (ج) پریس (ج) ٹیلی ویژن (د) ہائی کورٹ

14۔ کس نظام میں عاملہ کا انتخاب اہلیت اور قابلیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے؟
(الف) آمریت (ب) بادشاہت (ج) جمہوریت (د) مطلق العنانیت

15۔ اسلام کس کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔
(الف) مساوات کی (ب) غلامی کی (ج) تعلیم کی (د) سیاسی حقوق کی

## شہریت۔نہم

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ　　سیکشن۔ب　　کل نمبر: 36

1۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i۔ شہریت کے طالبعلم کیلئے بین الاقوامی امور کا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟
ii۔ شہریت کا ادراک سے کیا مراد ہے؟
iii۔ مشترک قومیت کا احساس ابھارنے میں مشترکہ زبان کیا کردار ادا کرتی ہے؟
iv۔ معاشرے کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیں۔
v۔ اسلام دولت کے چند ہاتھوں میں ارتکاز کو رد کرتا ہے۔ مختصر وضاحت کریں۔
vi۔ حکومت کے کسی دو شعبوں پر مختصر نوٹ لکھیں۔
vii۔ مطلق العنانیت سے کیا مراد ہے؟
viii۔ اچھی حکمرانی کیلئے احتساب کا ہونا کیوں ضروری ہے؟
ix۔ شہری اور اجنبی میں فرق واضح کریں۔
x۔ شہری کی کسی دو فرائض پر مختصر نوٹ لکھیں۔
xi۔ ایک اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کے حقوق و فرائض پر مختصر نوٹ لکھیں۔
xii۔ پاکستان میں بنیادی حقوق کے تحفظ کے نظام پر نوٹ لکھیں۔

سیکشن۔ج

کل نمبر: 24

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

2۔ خاندان کی تعریف کریں اور خاندان کی اہمیت کا مفصل تجزیہ کریں۔
3۔ جمہوریت کی خوبیوں اور خامیوں پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔
4۔ ریاست کی تعریف کریں اور اس کے فرائض تحریر کریں۔
5۔ شہریت کی تعریف کریں نیز شہریت اور تاریخ کے درمیان تعلق بیان کریں۔

☆☆☆☆

www.ilmkidunya.com